تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

March 26 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں عمومی اے۔آئی، ایم ایس ایکسیل اور پرزینٹیشن کی تکنیک کے توسط سے تخلیقیت اور لیاقت کے اظہار کے موضوع پر ورکشاپ کا انعقاد

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پلیسمنٹ سیل (یو پی سی) نے اے۔آئی، مائیکروسافٹ اور پرزینٹیشن تکنیک کے توسط سے تخلیقیت اور لیاقت کے اظہار کے موضوع پر دو روزہ ورکشاپ مورخہ اکیس اور بائیس مارچ دو ہزار چوبیس کو منعقد کیا۔آج کی پیشہ ورانہ زندگی میں بنیادی صلاحیتوں سے آراستہ ہوکر بہتر کرنے کے مقصد سے اس کا انعقاد کیا گیا تھا۔

ورکشاپ کا پہلا دن یو پی سی، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر راحیلہ فاروقی کے خطاب سے افتتاحی پروگرام شروع ہوا جس کے بعد سینٹر فار انوویشن اینڈ انٹر پرینورشپ (سی آئی ای) جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر ریحان خان سوری کا استقبالیہ خطبہ ہوا۔

امریکہ میں حکمت اسٹریٹیجی کنسلٹنٹ اور فزیشین اطلاع کار جناب روہت سنگھ ٹونک، ایم ڈی، ایم ایل ے (ہارورڈ یونیورسٹی) نے آن لائن کلیدی خطبہ دیا۔انھوں نے دواؤں اور دیگر شعبہ جات میں اے۔آئی کی طاقت کے سلسلے میں بصیرت افروز تقریر کرکے مزید گفتگو کے لیے فضا ہموار کردی۔ پروفیسر صباح خان، ڈپٹی ڈائریکٹر، یو پی سی، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اظہار تشکر کے ساتھ افتتاحی پروگرام ختم ہوا۔

ایڈمسٹ کے کو فاؤنڈر جناب بھون مہاجن نے افتتاحی پروگرام کے بعد کے سیشن میں عمومی اے۔آئی کو صلاحیتوں کو منقلب کرنے کے سلسلے میں تفصیل سے بتایا۔شرکا کو اس اے۔آئی سیشن میں اے۔آئی کے ٹولز اور کارگر حکمت عملیوں کے استعمال کے سلسلے میں اہم معلومات حاصل ہوئی۔

طلبا کی آموزش کو مزید پائے دار بنانے کے لیے انھیں اسائنمنٹ دیے گئے اور اس کے فروغ کے لیے پورے سیشن میں مذاکراتی ماحول قائم رہا۔دوپہر کے سیشن میں جناب منوج گپتا، بنیاد گزار اور ڈیجیویٹ لیپس کے بنیاد گزار اپنی ٹیم کے ساتھ مختلف عملیات سے بھرپور استفادے کے لیے انٹیٹی ماڈل بنانے کے سلسلے میں بیش قیمت رہنمائی کی۔

ورکشاپ کے دوسرے دن صنعت کے ماہرین کی سربراہی میں صلاحیت کے فروغ کے سلسلے میں شرکا کو مزید سیکھنے کا موقع

ملا۔ جناب انوراگ گپتا، بی سی جی میں کنسلٹنٹ نے شرکا کے ساتھ کارپوریٹ دنیا میں کامیابی کے لیے ایڈوانسڈ ایکسیل تکنیک ساجھا کیے۔ پروفیسر مونس شکیل، شعبہ معاشیات، جامعہ ملیہ اسلایہ نے ایکسیل کے استعمال سے ڈیش بورڈ کی تشکیل کے سیشن کی نظامت کی جس میں طلبا کو عملی زندگی میں درکار مہارتیں سکھائی گئیں۔

جناب راہل سنگھ، ڈائریکٹر، رپورٹنگ اینڈ انالیٹکس، بین اینڈ کمپنی کی سربراہی میں ورکشاپ کا آخری موثر پرزینٹیشن مہارت کے سلسلے میں ہوا۔ راہل ڈپارٹمنٹ آف مینجمنٹ اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے المنائی ہیں۔ انھوں نے سلائڈ کیسے بنائی جائے اور کہانی کیسے کہی جائے دونوں پہلوؤں کا احاطہ کیا۔ پیشہ ورانہ کامیابی اور مہارت کے لیے انھیں عملی اسائنمنٹ دیے گئے تا کہ شرکا قابل عمل صلاحیت پر کام کر کے وہ خود مختار بن سکیں۔

ورکشاپ کی کامیابی صرف اس بات میں پنہاں نہیں کہ اس میں بیش قیمت معلومات فراہم کی گئیں بلکہ اس کے ساتھ ساتھ مذاکراتی سیشن بھی ہوئے جن سے طلبا کو فائدہ ہوا۔ طلبا نے اس ورکشاپ سے بہت ساری عملی مہارتیں سیکھیں اور موضوع پر بھی گہری سمجھ پیدا کی اب وہ اعتماد کے ساتھ اپنی پیشہ ورانہ زندگی میں آگے بڑھ سکتے ہیں۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی